26-05-2026

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس ملتان
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور کینٹ

نوٹس برائے نیلام عام منڈی مویشیاں

ہر خاص و عام خصوصاً منڈی مویشیاں کا کام کرنے والے حضرات کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ بہاولپور چھاؤنی وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشن SRO.527(1)/85 مورخہ 14 مئی 1985 کے تحت منڈی مویشیاں کا ٹھیکہ عرصہ تین سال کے لئے مورخہ 15 جون 2026 کو دن 11:00 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں نیلام عام کر رہا ہے۔ اگر بولی کسی وجہ سے نہ ہو سکی تو دوبارہ 16 جون 2026 کو اور سہ بار 17 جون 2026 دن 11:00 بجے ہوگی۔

شرائط نیلامی درج ذیل ہیں

1۔	بولی میں حصہ لینے کے خواہشمند حضرات مبلغ ایک کروڑ پچاس لاکھ روپے کا زرضمانت بشکل کال ڈیپازٹ/ بینک ڈرافٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر بہاولپور مع کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی نیلامی کی تاریخ سے ایک دن قبل دن 2 بجے تک دفتر ہذا میں جمع کرانا لازمی ہوگی جو اول اور دوم آنے والے بولی دہندہ کے علاوہ باقی تمام حضرات کو نیلامی کے اگلے روز واپس کر دی جائیں گی۔ کال ڈیپازٹ / بنک ڈرافٹ پر بولی دہندہ کا نام بمعہ ولدیت درج ہونا لازمی ہے۔ نیز بولی کے دن کال ڈیپازٹ وصول نہ کیا جائے گا۔
2۔	ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور کے واجبات ہوں، دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔
3۔	پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو اپنی کل بولی کا 1/6 حصہ بطور ضمانت بولی کے اختتام پر فوراً دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگا جو کہ اختتام ٹھیکہ تک دفتر ہذا میں بطور سیکورٹی جمع رہے گا۔ اگر کامیاب بولی دہندہ 1/6 حصہ موقع پر جمع نہیں کرواتا تو اسکا پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط ہوگا۔
4۔	اگر کسی وجہ سے پہلے نمبر پر آنے والا ٹھیکہ حاصل کرنے میں ناکام ہو گیا تو دوسرے نمبر پر آنے والی کی بولی اگر مناسب اور قابل قبول ہوئی تو اسے شرائط نیلامی کی تکمیل کا کہا جائے گا اور نیلامی کی تکمیل کا کہا جا سکتا ہے۔
5۔	منڈی مویشیاں کی بولی کی رقم فی سال کے حساب سے ہوگی اور مدت معاہدہ ٹھیکہ تین (03) سال کے لئے ہوگا۔ جس کا آغاز ٹھیکیدار کو منڈی مویشیاں کی حوالگی کے دن سے ہوگا۔ ٹھیکہ کی کل رقم پر ہر سال 10% سالانہ کمپاؤنڈ اضافہ کے ساتھ وصول کیجائے گی۔
6۔	ٹھیکیدار وفاقی اور صوبائی حکومت کے تمام مروجہ ٹیکسز ادا کرنے کا پابند ہوگا۔
7۔	اشتہار ہذا میں نیلامی کی دی گئی شرائط اور کاغذات مکمل نہ ہونے کی صورت میں بولی دہندہ بولی / نیلامی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔
8۔	ٹھیکیدار منڈی کا حدود اربعہ از خود تبدیل نہیں کر سکتا اور بولی دی جانے والی جگہ پر ہی (منڈی) کا کاروبار کرنے کا پابند ہو گا۔ منڈی ہفتہ میں دو دن منگل اور بدھ کو لگائی جائیگی۔ ٹھیکیدار منڈی کی جگہ پر پانی، بجلی اور صفائی کے انتظامات کرنے کا پابند ہوگا۔
9۔	ٹھیکیدار فرد جنگلی جانور کی مالیت پر 4% کمیشن/فیس وصول کر سکتا ہے۔ زیادہ فیس وصولی کی شکایت پر ٹھیکہ کینسل کیا جا سکتا ہے۔
10۔	کامیاب بولی دہندہ بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 07 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر منڈی مویشیاں کا تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔
11۔	کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کا قبضہ بعد از حتمی منظوری مجاز اتھارٹی حوالے کیا جائے گا۔
12۔	بولی پر پیپرا رولز (PEPRA Rules) لاگو ہوں گے۔ زیر دستخطی کسی بھی بولی کو تکنیکی/ انتظامی بنیاد پر وجہ بتا کر منظوری سے پہلے پیپرا رولز (33(1 کے تحت مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔
13۔	مزید کسی بھی معلومات کے لیے کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور کی ٹیکس برانچ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے یا براہ راست فون نمبر 0629255311 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔
14۔	کینٹونمنٹ بورڈ اور ٹھیکیدار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کینٹونمنٹس ملتان ثالث تصور ہوگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہونگے۔
15۔	ٹھیکیدار منڈی میں ملازمین کی تنخواہ خود ادا کرنے کا پابند ہوگا اور عملہ کی منظوری کینٹ بورڈ سے لے گا۔
16۔	ٹھیکیدار نفع نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا اور کسی صورت کینٹ بورڈ سے کسی نقصان ازالہ کی درخواست/ دعوی نہیں کرے گا۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، کنٹونمنٹ بورڈ بہاولپور

www.express.com.pk
DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس ملتان
THURSDAY, JUNE 4, 2026
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 24 شمارہ 287 | جمعرات، 18 ذوالحج، 4 جون 2026ء، 21 صفحہ، صفحات 10 قیمت 40 روپے

تصحیح اشتہار ٹھیکہ منڈی مویشیاں کینٹ بورڈ بہاولپور

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ منڈی مویشیاں کے ٹھیکہ/ بولی سے متعلق اشتہار مورخہ 26-05-2026 کو روزنامہ اخبارات روزنامہ نیشن لاہور، روزنامہ ایکسپریس ملتان اور روزنامہ کائنات بہاولپور میں شائع ہوا تھا، جس میں بولی کی تاریخ 15-06-2026 بوقت دن 11:00 بجے مقرر کی گئی تھی۔ نیز بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ 16-06-2026 اور سہ بار 17-06-2026 کو دن 11:00 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ بہاولپور میں انعقاد ہونا تھا۔

اب ناگزیر وجوہات کی بنا پر مذکورہ تاریخوں میں ترمیم کرتے ہوئے بولی کی نئی تاریخ 23-06-2026 بوقت دن 11:00 بجے مقرر کی جاتی ہے۔ اگر کسی وجہ سے اس تاریخ کو بولی منعقد نہ ہو سکے تو دوبارہ بولی 24-06-2026 اور سہ بار 25-06-2026 کو دن 11:00 بجے بولی دفتر کنٹونمنٹ بورڈ بہاولپور منعقد کی جائیگی۔

اشتہار کی دیگر تمام شرائط و ضوابط بدستور برقرار رہیں گے۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

کنٹونمنٹ بورڈ بہاولپور